06/04/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **عارف حسین**

سکینہ ایتو

جموں و کشمیر میں طبی سہولیات کو مزید بہتر اور مستحکم بنانے کے لئے سرکار نے بون اینڈ جوائنٹ ہسپتال سرینگر کے لئے 64 نئی اسامیوں کو منظوری دی ہے۔ ان اسامیوں کی بدولت اسپتال کے نئے تعمیر شدہ بلاک کومکمل طور فعال بنانے مینمدد ملے گی۔

صحت وطبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا کہ بون اینڈ جوائنٹ اسپتال میں 120بستروں پر مشتمل اضافی بلاک کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کر کے عمر عبد اللہ کی قیادت والی سرکارنے عوام کے لئے وقف کیا ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ ،مریضوں کے بڑتے ہوئے رش اور خصوصی طبی عملی کی ضرورت کو مد نظر رکھتے ہوئے وززارتی کونسل نے ان نئی اسامیوں کو منطوری دی ہے۔

اعجاز ایوب

مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے نتیجے میں دنیا کے بیشتر ممالک میں توانائی کے مصنوعات کی کمی محسوس کی جا رہی ہے ۔ بھارت کے مختلف حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی اس بارے میں لوگوں کا ردِ عمل سامنے آیا ہے ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے وادی کے ایک نامور ماہرِ اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب کا کہنا ہے کہ بھارت موثر انداز میں اس صورتحال کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے ۔

--AIJAZ AYOUB--

ایوارڈ

کشمیر کی ثقافتی اور ادبی دنیا میں ایک اہم پیش رفت کے طور "دی کشمیری ایجوکیشن، کلچر اینڈ سائنس سوسائٹی "نے اپنا قائم کردہ نیا " پروفیسر ہری کرشن کول ایوارڈ" ممتاز ناول نگار اور ڈارمہ نویس ڈاکٹر سوہن کول کو عطا کیا ہے۔

یہ ایوارڈ انہیں کشمیری فِکشن میں ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں دیا گیا۔ اعزازی تقریب لل دید آڈیٹوریم گریٹر کیلاش نئی دلی میں منعقد ہوئی ۔

BOPEE

جموں و کشمیر بورڈ آف پروفیشنل Entrance Examinations کے اہتمام سے تعلیمی سال 27-2026 Diploma Paramedical کورسز میں داخلے کے لئے کامن Entrance کے لئے ٹیسٹ منعقد کئے گئے ۔

اس سلسلے میں سرینگر ، بارہمولہ ، اننت ناگ ، ڈوڈہ ، راجوری ، جموں اور لیہہ اضلاع میں امتحانی مراکز قائم کئے گئے تھے ۔ 1 ہزار 591 درخواست دہندگان میں سے ایک ہزار 216 امیدوار ان امتحانات میں شریک ہوئے ۔

ایڈوائزری

بزرگوں کو عموماًکئی طرح کے طبی مسائل مثلاً وزن یا جسم میں خون کا کم ہونا وغیرہ کا سامنا رہتا ہے ۔

اس طرح کی مختلف علامات کے بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

--zubair--

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

خواہشمند افراد دئے گئے نمبر پر کال کر کے اپنے مسائل یا شکایات ریکارڈ کر وا سکتے ہیں ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ کے بعض مقامات پر بھاری برقم پسیاں اور چٹانیں کھسک آنے کی وجہ سے نیشنل ہائی وے پر گاڑیوں کی آمد رفت معطل کر دی گئی ہے ۔ کولگام سے ہمارے نمائندے نے ایس ایس پی ٹریفک کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ چندر کوٹ اور کرول برج کے نزدیک یہ پسیاں رات کے تین بجے گر آئینجس کے نتیجے میں شاہراہ بند ہو گئی ۔

انہوں نے کہا کہ بحالی کے کام میں پانچ سے چھ گھنٹے درکار ہوں گے ۔

IGNOU

اندرا گاندھی نیشنل اوپن یونیورسٹی کا 39 واں سالانہ کنووکیشن کل یعنی سات اپریل کو نئی دلی میں منعقد ہو رہا ہے جس میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے ۔

یونیورسٹی کے مختلف علاقائی مراکز میں بھی کنووکیشن کے سلسلے میں تقریبات منعقد ہوں گی ۔ سرینگر کے علاقائی مرکز کے اہتمام سے گورنمنٹ ڈینٹل کالج سرینگر میں ایک تقریب کا اہتمام ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت6 اعشاریہ 4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15 اعشاریہ 7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ